حضرت مولانا قاری عنایت اللہ منڈی بہاؤالدین کا انتقال پر ملال

19 نومبر بروز ہفتہ بعد نماز مغرب جامع مسجد توحید گنج اہل حدیث کچہری روڈ منڈی بہاؤالدین کے خطیب اور مرکزی جمعیت اہل حدیث منڈی بہاؤالدین کے امیر مولانا قاری عنایت اللہ حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔(اناللہ وانا الیہ راجعون) مولانا مرحوم بڑے ہی درویش صفت، شب زندہ دار، انتہائی متقی اور پرہیز گار عالم باعمل تھے۔ مولانا مرحوم کی نماز جنازہ 20 نومبر بروز اتوار 10 بجے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے انتہائی سوز کے ساتھ پڑھائی۔ نماز سے قبل حافظ صاحب نے مولانا کی سادگی، تقویٰ و طہارت، خودداری اور جماعتی خدمات کا تذکرہ کیا۔ یادرہے کہ مولانا مرحوم حافظ صاحب کے کلاس فیلو تھے۔ ان کی وفات کا انہیں گہرا صدمہ ہوا علاوہ ازیں مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں اپنے دوست کی وفات کا تذکرہ کرتے ہوئے ان کی جماعتی و مسلکی خدمات کو شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کی مغفرت کی دعا کی۔

مرکزی جمعیت اہلحدیث متاثرہ علاقوں میں 20 ہزار گھر سو مساجد تعمیر کریگی

پروفیسر ساجد میر

ایک ہزار یتیم بچوں کی تعلیم وتربیت کیلئے سرحد اور آزاد کشمیر میں دارالیتامی کے مراکز کے علاوہ دس سکول بھی قائم کیے جائینگے

بالاکوٹ میں پرائمری سکول نے کام شروع کردیا، ایک ہزار بچوں میں سکول بیگ اور نصابی کتب تقسیم کی جائیگی، پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (سپیشل رپورٹر) مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان نے زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں بیس ہزار گھر ایک سو مساجد کی تعمیر جبکہ ایک ہزار یتیم بچوں کی تعلیم وتربیت کیلئے سرحد اور آزاد کشمیر میں دارالیتامی کے مراکز کے علاوہ دس سکول قائم کرنے کے منصوبے کا اعلان کردیا اس امر کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے امیر سینیٹر ساجد میر نے بالاکوٹ مظفر آباد اور باغ اور دیگر مضافاتی متاثرہ علاقوں کے تین روزہ دورے جس میں مرکزی ریلیف کمیٹی کے چیئرمین حافظ عبدالکریم، مولانا ابوتراب، میاں نعیم الرحمن حاجی عبدالرزاق اور برطانیہ کے جماعت کے ناظم اعلیٰ مولانا محمد شعیب میرپوری شامل تھے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

اہل حدیث یوتھ فورس اور اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن جہلم کی متاثرین زلزلہ کیلئے امدادی سرگرمیاں

8 اکتوبر کے زلزلہ کے فوراً بعد چوک اہل حدیث جہلم میں اہل حدیث یوتھ فورس اور اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن نے متاثرین زلزلہ کی امداد کیلئے کیمپ لگایا۔ جس میں لوگوں نے دل کھول کر نقدی کے علاوہ ہر قسم کا امدادی سامان مہیا کیا۔ اس کے علاوہ اہل حدیث یوتھ فورس کوٹلہ آئمہ اور حاجی آئمہ کی یونٹوں نے بھی اپنے ہاں کیمپ لگائے۔ بعدازاں ٹرکوں کی شکل میں امدادی سامان زلزلہ زدگان تک پہنچایا گیا اس میں اہل حدیث یوتھ فورس کے تمام یونٹوں نے بھرپور حصہ لیا بالخصوص اہل حدیث یوتھ فورس کالا گجراں اور پوران کے نوجوان سرگرم عمل رہے رئیس الجامعہ نے ان کی خدمات کو سراہا اور ان کیلئے دعا کی کہ اللہ ان کے اس جذبہ خدمت خلق میں اور زیادہ برکت کرے۔